Australian
BORDER FORCE

# Immigration Detention Facility Conditions of Entry

# امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخلے کی شرائط

Form
**1512B URD**
URDU

## داخلے کی شرائط

### شناخت کے تقاضے

امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخلے سے پہلے 18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے تمام افراد (بالغوں) کو 100 پوائنٹس پوری کرنے والی شناختی دستاویزات فراہم کرنی ہوں گی جن میں آپ کی درخواست میں فراہم کی گئی رنگین فوٹو والی آئی ڈی بھی شامل ہو۔

- پیدائش کا سرٹیفکیٹ، پاسپورٹ، سٹیزن شپ سرٹیفکیٹ یا سفارتی دستاویزات سمیت پاسپورٹ جیسی خصوصیات رکھنے والی دیگر دستاویزات (یا Immicard) میں سے ہر ایک کے 70 پوائنٹس ہیں۔
- کامن ویلتھ یا کسی آسٹریلین سٹیٹ یا ٹیریٹری کا جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس یا پرمٹ 40 پوائنٹس رکھتا ہے۔
- دوسری دستاویزات کو ملا کر مطلوبہ پوائنٹس پورے کیے جا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے Australian Border Force (ABF) (آسٹریلین بارڈر فورس (ABF)) کی ویب سائیٹ دیکھیں **https://www.abf.gov.au/about-us/what-we-do/border-protection/immigration-detention/visit-detention/identification-guidelines**

16 سال اور اس سے زیادہ عمر کے نابالغ افراد کو داخلے کے مقام پر ایک شناختی دستاویز فراہم کرنی ہو گی جس پر ان کا نام لکھا ہو جیسے ڈرائیونگ لائسنس، پاسپورٹ (اگر یہ مؤثر نہ ہو تو ضروری ہے کہ یہ پچھلے دو سالوں میں مؤثر رہا ہو)، میڈی کیئر کارڈ، کنسیشن کارڈ یا سٹوڈنٹ آئی ڈی۔

16 سال سے کم عمر کے نابالغ افراد کو بالعموم شناخت کا ثبوت دکھائے بغیر داخل ہونے دیا جائے گا بشرطیکہ ملاقاتیوں کی درخواست میں وضاحت کے مطابق وہ کسی ذمہ دار بالغ کے ساتھ آئے ہوں۔

اگر فوٹو آئی ڈی میں آپ کا حالیہ پتہ نہ لکھا ہو تو ایک اضافی شناختی دستاویز فراہم کرنا ضروری ہو گا۔ قابل قبول اضافی شناختی دستاویزات وہ دستاویزات ہیں جو کسی وفاقی اتھارٹی، سٹیٹ اتھارٹی یا لوکل گورنمنٹ اتھارٹی کی جاری کردہ ہوں یا کسی مالیاتی ادارے، یا یوٹیلیٹی سروس پرووائیڈر (بجلی، پانی، گیس وغیرہ کی کمپنی) کی جاری کردہ ہوں اور ان پر آپ کا نام بھی لکھا ہو اور پتہ بھی۔ قابل قبول شناختی دستاویزات کی مثالیں یہ ہیں، بانڈ بھرنے کی رسید، کاؤنسل کا ریٹس نوٹس، بینک سٹیٹمنٹ یا کوئی اور یوٹیلٹی بل، لیکن قابل قبول دستاویزات محض انہی تک محدود نہیں ہیں۔

### قانونی پیشہ ور اور/یا مائیگریشن ایجنٹ

اگر آپ قانونی پیشہ ور اور/یا مائیگریشن ایجنٹ ہیں تو اس فارم میں درج شرائط کے ساتھ ساتھ آپ کو مندرجہ ذیل بھی فراہم کرنا ہو گا:

- اپنے قانونی پریکٹیشنر/مائیگریشن ایجنٹ ہونے کا ثبوت؛
- متعلقہ فرم کے لیٹرہیڈ پر یہ تحریری تصدیق کہ آپ کو اس فرم/کاروبار نے سولیسیٹر، بیرسٹر، پیرالیگل یا مائیگریشن ایجنٹ کے طور پر کام سونپا ہے؛
- اس زیر حراست فرد (یا ان زیر حراست افراد) کے نام جنہوں نے فرم سے قانونی مشورے کی درخواست کی ہے، اور فہرست میں شامل تمام افراد کی طرف سے آپ کے کام کرنے کے لیے دستخط شدہ مختار نامہ؛ اور
- یہ ثبوت کہ زیر حراست فرد نے آپ کی آمد کے لیے رضامندی دی ہے۔

### طبی کارکن

اگر آپ طبی کارکن ہیں (جو ڈیٹینشن ہیلتھ سروس پرووائیڈر کے لیے کام نہیں کرتا) تو اس فارم میں درج شرائط کے ساتھ ساتھ آپ کو یہ بھی فراہم کرنا ہو گا:

- آپ کے میڈیکل پروفیشنل یا دیگر الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل ہونے کا ثبوت؛
- متعلقہ ملازمت کا ثبوت؛ اور
- یہ ثبوت کہ زیر حراست فرد نے آپ کی آمد کے لیے رضامندی دی ہے۔

### اہلکاروں کے طور پر آنے والے

اگر آپ اہلکار کے طور پر (چھان بین کرنے والے کسی بیرونی ادارے، قانون نافذ کرنے والے ادارے، یا سٹیٹ/ٹیریٹری کے فلاحی ادارے کے نمائندے کے طور پر) آ رہے ہیں تو آپ کو اس فارم میں درج شرائط کے ساتھ ساتھ یہ بھی فراہم کرنا ہو گا:

- اپنے پیشے/آجر کا ثبوت؛ اور
- اگر آپ زیر حراست فرد (افراد) کے ساتھ واسطہ چاہتے ہیں تو یہ ثبوت کہ زیر حراست فرد (افراد) نے آپ کی آمد کے لیے رضامندی دی ہے۔

### پارلیمنٹ اور حکومت کے نمائندے

اگر آپ پارلیمنٹ اور حکومت کے نمائندے ہیں اور آپ زیر حراست فرد (یا افراد) کے ساتھ واسطہ چاہتے ہیں تو آپ کو اس فارم میں درج شرائط کے ساتھ ساتھ یہ ثبوت بھی فراہم کرنا ہو گا کہ زیر حراست فرد (افراد) نے آپ کی آمد کے لیے رضامندی دی ہے۔

### قونصلر اہلکار یا غیر ملکی حکومت کا نمائندہ

اگر آپ قونصلر اہلکار یا غیر ملکی حکومت کے نمائندے ہیں تو آپ کو اس فارم میں درج شرائط کے ساتھ ساتھ یہ ثبوت بھی فراہم کرنا ہو گا کہ زیر حراست فرد نے آپ کی آمد کے لیے رضامندی دی ہے۔

### رضاکار، کمیونٹی گروپس اور روحانی نگہداشت فراہم کرنے والے ملاقاتی

اگر آپ رضاکار اور/یا کسی کمیونٹی گروپ کے رکن ہیں جو زیر حراست افراد کے لیے منظور شدہ پروگرام اور سرگرمیاں انجام دینے کے لیے امیگریشن کے حراستی مرکز کا دورہ کرنا چاہتا ہے تو اس فارم میں درج شرائط کے ساتھ ساتھ آپ کو آسٹریلین فیڈرل پولیس کے چیکس اور قانون کے تحت لازمی دوسرے مناسب چیکس سے بھی گزرنا ہو گا اور (جہاں اس کا سوال ہو) خطرے سے دوچار بچوں/افراد کے ساتھ کام کرنے کے چیکس سے بھی گزرنا ہو گا۔

### کانٹریکٹرز

اگر آپ امیگریشن کے حراستی مرکز میں کام کرنے والے کانٹریکٹر ہیں تو اس فارم میں درج شرائط پوری کرنے کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ:

- آپ تعارفی رہنمائی میں دی جانے والی تمام ہدایات کی تعمیل کریں جن میں یہ بھی شامل ہے کہ آپ کو کہاں کام کرنے کی اجازت ہے اور کب ضروری ہے کہ Facilities and Detainee Service Provider (FDSP) (مراکز اور زیر حراست افراد کو خدمات فراہم کرنے والے (FDSP)) کا عملہ آپ کے ہمراہ ہو؛
- جو کام کیا جا رہا ہو، آپ اس کے لیے تمام مناسب لائسنس، اسناد اور انشورنس رکھتے ہوں؛

© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2022

- فرائض کی ادائیگی یا کسی قسم کی خدمات کی فراہمی شروع کرنے سے پہلے آسٹریلین فیڈرل پولیس آپ کے پس منظر کی چھان بین کر چکی ہو؛
- جہاں اوزاروں کی ضرورت ہو:
  - صرف وہ اوزار اور آلات امیگریشن کے حراستی مرکز میں لائیں جن کی آپ کو اپنا کام انجام دینے کے لیے ضرورت ہو اور اوزاروں کو کبھی اپنی نظر سے دور نہ رکھیں؛
  - یہ یقینی بنائیں کہ تمام اوزاروں کو ٹول رجسٹر لاگ میں درج کیا جائے اور ہر اوزار کی مکمل تفصیل لکھی جائے اور آپ کے مرکز سے نکلتے ہوئے FDSP کے عملے کا رکن اوزاروں کو لاگ سے نکالے؛
  - یہ یقینی بنائیں کہ اگر مرکز میں کوئی اوزار چھوڑے جانے ہوں تو انہیں FDSP عملے کی نگرانی میں مناسب طور پر بحفاظت رکھا جائے؛ اور
  - کام کے لیے مناسب لباس پہنیں (جیسے نمایاں نظر آنے والا (high visibility) لباس اور ورک بوٹس)۔

## تمام آنے والے افراد

امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخل ہوتے اور نکلتے ہوئے تمام افراد وزیٹر رجسٹر میں دستخط کرنے کے پابند ہیں۔

داخلے کی شرط کے طور پر تمام آنے والے افراد سے اور ان کی ملکیتی چیزوں کے سلسلے میں سیکیورٹی سکریننگ سے گزرنے کی درخواست کی جائے گی۔ اس میں ہاتھ میں پکڑے سکینر کا استعمال، سکریننگ کے فریم سے گزرنا، ایکسرے اور ممنوعہ مادّوں کا سراغ لگانا شامل ہے۔ ممنوعہ مادّوں کا سراغ لگانے کے طریقوں میں سراغرسانی کے کتوں کا استعمال شامل ہو سکتا ہے۔ ممکن ہے کوئی افسر آپ کے پاس موجود چیزوں کا معائنہ کرنے کی درخواست کرے اور/یا ان چیزوں کو ایکسرے سکریننگ سے گزارے۔ آپ کے لیے اس درخواست پر تعاون کرنا لازمی نہیں ہے۔ تاہم اگر آپ تعاون نہیں کریں گے تو آپ کو امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخلے کی اجازت دینے سے انکار کیا جا سکتا ہے۔

آپ کے لیے شراب یا منشّیات کے نشے میں ہونا ممنوع ہے۔

تمام آنے والوں سے داخلے کی شرط کے طور پر صحت کی سکریننگ کروانے کی درخواست کی جائے گی۔ صحت کی سکریننگ کا عمل متعلقہ عملداریوں کے پبلک ہیلتھ یونٹس اور دیگر صحت کے اہلکاروں کی ہدایات کی روشنی میں کیا جاتا ہے اور اس کا مقصد COVID-19 سمیت دیگر بیماریوں کے ہمارے امیگریشن کے حراستی مراکز میں داخلے کا خطرہ کم کرنا ہے۔ اس میں مثال کے طور پر ہیلتھ سکریننگ کا سوالنامہ، جسمانی درجۂ حرارت کی بنیاد پر درجہ بندی اور COVID-19 پر نظر رکھنے کے لیے ٹیسٹنگ شامل ہو سکتی ہے۔

اگر آپ صحت کی سکریننگ میں پاس نہ ہوں یا اگر آپ کی صحت کی کیفیت کے متعلق شک ہو تو:

- آپ کو امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخلے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا جائے گا؛ اور
- آپ کو بعد میں آنے کا کوئی وقت طے کرنا ہو گا۔

آنے والے افراد سے یہ ثبوت دینے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے کہ ان **کی COVID-19 ویکسینیشن مکمل ہو۔**

آپ کو حفظان صحت/انفیکشن کنٹرول کے اقدامات پر عمل کرنا ہو گا جن میں ہاتھ صاف رکھنا، کھانسنے کا درست طریقہ اور لوگوں سے فاصلہ رکھنے کے تقاضے شامل ہیں لیکن یہ اقدامات محض انہی تک محدود نہیں۔ آپ سے ماسک پہننے کو کہا جا سکتا ہے۔ حفظان صحت کی درخواستوں پر تعاون نہ کرنے کے نتیجے میں آپ کا دورہ ختم کیا جا سکتا ہے۔

آپ کی ذاتی تفصیلات کا حصول آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ آپ کی ذاتی تفصیلات وہ کانٹریکٹ پر کام کرنے والا سروس پرووائیڈر کا عملہ حاصل کرے گا جو امیگریشن کے حراستی مراکز میں Department of Home Affairs (ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز) (ڈیپارٹمنٹ) کی جانب سے صحت کی سکریننگ انجام دے رہا ہو گا۔

آپ کی ذاتی تفصیلات ایک رجسٹر میں شامل کی جائیں گی اور انہیں قانون کے مطابق استعمال اور منکشف کیا جا سکتا ہے (ڈیپارٹمنٹ کے لیے بھی) (**پرائیویسی کے متعلق اہم معلومات دیکھیں**)۔

آپ کو عوامی مقام کے لیے مناسب لباس پہننا ہو گا یعنی آپ نے ایسی تصویروں یا تحریروں والے کپڑے نہ پہنے ہوئے ہوں جو دوسروں کو ناگوار لگ سکتے ہیں۔ پیشہ ور اداروں کے نمائندے اگر ادارے کی یونیفارم یا نمائندہ لباس میں ملبوس نہ ہوں تو انہیں پیشہ ورانہ انداز (رسمی دفتری لباس) میں ملبوس ہونا چاہیے۔ کام پر صحت اور حفاظت کی وجوہ سے بند جوتے پہننا ضروری ہے (اونچی ایڑی کی جوتی منع ہے)۔

آپ کو امیگریشن کی حراست میں موجود فرد کے اس حق کا احترام کرنا ہو گا کہ وہ آپ سے ملنے سے انکار کر سکتا ہے۔

## امیگریشن کے حراستی مرکز میں چیزیں لانا

آپ کو امیگریشن کے حراستی مرکز میں وہ چیزیں لانے کی کوشش سے باز رہنا ہو گا جنہیں تحویل میں رکھنا آسٹریلین قانون کے تحت ممنوع ہے۔ آسٹریلین قانون میں کامن ویلتھ کا قانون اور سٹیٹ یا ٹیریٹری کا قانون شامل ہیں۔ آپ کے جسم پر یا آپ کی تحویل میں پائی گئی ممنوعہ چیزیں آپ کو لوٹائی نہیں جائیں گی اور معاملہ پولیس کے سپرد کر دیا جائے گا۔

آپ کو امیگریشن کے حراستی مرکز میں کنٹرولڈ چیزیں لانے کی کوشش سے باز رہنا ہو گا۔ کنٹرولڈ چیزیں وہ چیزیں ہیں جو آپ آسٹریلیا میں قانوناً اپنی تحویل میں رکھتے ہیں لیکن جنہیں امیگریشن کے حفاظتی مرکز میں صحت، پرائیویسی، حفاظت، سیکیورٹی یا اچھے نظم کے لیے خطرہ سمجھا گیا ہے اور جن کی اجازت نہیں ہے۔ اگر امیگریشن کے حراستی مرکز میں آمد کے وقت آپ کی تحویل میں یہ چیزیں ہوں تو آپ کو عملے کو اس کے بارے میں بتانا ہو گا اور وزیٹر ایریا میں داخلے سے پہلے انہیں جمع کروانا ہو گا۔آپ کو وہ چیزیں تحویل میں رکھتے ہوئے امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخلے کی اجازت نہیں ملے گی جو امیگریشن کے حفاظتی مرکز میں صحت، پرائیویسی، حفاظت، سیکیورٹی یا اچھے نظم کے لیے خطرہ ہو سکتی ہیں۔

اگر آپ یقین سے نہ جانتے ہوں کہ آیا ایک چیز ممنوعہ یا کنٹرولڈ ہے تو آپ کو امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخل ہونے سے **پہلے** معائنہ کرنے والے افسر کو اس چیز سے مطلّع کرنا ہو گا۔ اگر آپ کو اپنی موجودگی کے دوران اپنی ذاتی چیزیں بحفاظت رکھوانے کی ضرورت ہو تو لاکر دستیاب ہو سکتا ہے۔ ممنوعہ اور کنٹرولڈ چیزوں کی مثالیں امیگریشن کے حراستی مرکز کے داخلی مقامات کے قریب سائنز پر دکھائی گئی ہیں اور ABF کی ویب سائیٹ **https://www.abf.gov.au/about-us/what-we-do/border-protection/immigration-detention/visit-detention** پر ان کی فہرست موجود ہے۔

جو چیزیں کسی زیر حراست شخص کے لیے لائی جا رہی ہوں، انہیں سیکیورٹی سکریننگ کے لیے وزیٹرز ریسیپشن ایریا پر عملے کے حوالے کیا جائے اور یہ ممکن ہے کہ انہیں مندرجہ بالا وجوہ سے اندر لائے جانے سے روک دیا جائے۔

حراست میں موجود لوگوں کی ملکیت میں رہنے والی چیزوں کی زیادہ سے زیادہ مقدار کی حدود واجب ہیں۔ اگر اس حد سے تجاوز ہو چکا ہو یا تجاوز ہو جائے گا تو مرکز میں آنے والوں کی لائی ہوئی چیزوں سے انکار کیا جا سکتا ہے۔

آپ کو جو ذاتی چیزیں امیگریشن کے حراستی مرکز میں لانے کی اجازت ملے، وہ آپ کی ذمہ داری ہیں۔ ڈیپارٹمنٹ امیگریشن کے حراستی مرکز میں آپ کی موجودگی کے دوران آپ کی ذاتی چیزوں کے گم یا نقصان کا شکار ہونے پر کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ آپ یہ یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہیں کہ آپ کی ذاتی چیزیں آپ کی تحویل میں رہیں اور آپ امیگریشن کے حراستی مرکز سے نکلتے ہوئے وہ چیزیں ساتھ لے کر جائیں۔

## مددگار جانور

مراکز میں آنے والوں سے یہ ثبوت دکھانے کی درخواست کی جا سکتی ہے کہ ان کا جانور مددگار جانور ہے یا اس جانور کو حفظان صحت اور طرزعمل کے مناسب معیار پورے کرنے کی تربیت حاصل ہے، اور اس کے بعد ہی امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخل ہونے کی اجازت ملے گی۔


© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2022

مددگار جانور ساتھ لانے والے شخص کو تمام وقت اس کی نگرانی کرنی ہو گی اور جانور امیگریشن کے حراستی مرکز کے وزٹ ایریا میں صرف وقتی طور پر اور صرف آپ کی موجودگی کے لیے منظور شدہ وقت میں موجود رہ سکتا ہے۔

مراکز میں آنے والوں کو متعلقہ سیکیورٹی سکریننگ کے طریق کار کے مطابق مددگار جانور کی سکریننگ کی اجازت دینی ہو گی۔ آنے والوں سے اس عمل میں مدد کرنے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔ اس میں مددگار جانور کے لباس کی تلاشی شامل ہو سکتی ہے۔

## مرکز میں موجودگی کے دوران طرزعمل

آپ کو امیگریشن کے حراستی مرکز کے اصولوں اور عملے کی دی ہوئی معقول ہدایات پر عمل کرنا ہو گا۔ آپ تسلیم کرتے ہیں کہ وزٹ ایریا ایک عوامی مقام ہے۔ آپ کو دوسروں کے ساتھ شائستہ انداز میں اور اس طرح پیش آنا ہو گا کہ امیگریشن کی حراست میں موجود لوگوں یا دوسرے آنے والوں کو پریشانی یا زحمت نہ ہو۔ آپ ایسے طرزعمل کی نہ تو حوصلہ افزائی کریں گے اور نہ اس کا مظاہرہ کریں گے جو امیگریشن کے حراستی مرکز کی حفاظت، اچھے نظم یا سیکیورٹی پر برا اثر ڈال سکتا ہو۔

آپ کو دیا گیا وزیٹر کا شناختی نشان اس انداز میں پہننا ہو گا کہ یہ آپ کی موجودگی کے تمام وقت میں عملے کو دکھائی دے سکے اور آپ کو وزٹ ایریا میں رہنا ہو گا، سوائے اس کے کہ عملہ آپ کو امیگریشن کے حراستی مرکز کے دوسرے مقامات میں داخل ہونے کی اجازت دے۔

آپ کو امیگریشن سے متعلقہ مدد دینے کی اجازت نہیں ہے، سوائے اس کے کہ آپ امیگریشن سے متعلقہ مدد دینے کی اجازت رکھنے والے شخص ہوں۔ *Migration Act 1958* (Migration Act) اس بارے میں کڑی پابندیاں لگاتا ہے کہ کون دوسرے لوگوں کو امیگریشن سے متعلقہ مدد فراہم کر سکتا ہے۔ Migration Act بیان کرتا ہے کہ کونسے کام امیگریشن سے متعلقہ مدد فراہم کرنے کے زمرے میں آتے ہیں۔ اجازت کے بغیر امیگریشن سے متعلقہ مدد فراہم کرنے والا شخص جرم کا مرتکب ہوتا ہے اور اسے 10,000$ سے زیادہ کا جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔

آپ کے ساتھ آنے والے نابالغ آپ کی ذمہ داری ہیں اور آپ کو تمام وقت ان کی نگرانی کرنی ہو گی۔

اگر آپ کو کسی زیر حراست شخص یا دوسرے آنے والوں کے متعلق کوئی تشویش ہو تو آپ عملے کو آگاہ کریں گے۔ وزٹ ایریا میں یہ اطلاعات لگی ہوئی ہیں کہ آپ اپنی تشویش کیسے رپورٹ کر سکتے ہیں۔

## داخلے کی اجازت سے انکار اور دورہ ختم کرنا

Immigration Detention Visitor Program (امیگریشن ڈیٹینشن وزیٹر پروگرام) کے تحت روبرو دوروں کو کام کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے کسی بھی وقت، وقتی طور پر معطّل کیا جا سکتا ہے جن میں صحت، حفاظت اور سیکیورٹی کے تقاضے شامل ہیں (لیکن یہ محض انہی تک محدود نہیں)۔

ان صورتوں میں آپ کو امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخلے کی اجازت دینے سے انکار کیا جا سکتا ہے یا آپ کا دورہ ختم کیا جا سکتا ہے:

- آپ عملے کو اپنی تحویل میں موجود تمام چیزوں سے آگاہ کرنے سے قاصر رہیں؛
- آپ ماضی میں خود پر ثابت ہونے والے مخصوص جرائم سے آگاہ کرنے سے قاصر رہیں؛
- آپ مناسب وقت پہلے اپنی آمد کی اطلاع دینے سے قاصر رہیں، آپ کو آنے کے لیے منظوری نہ ملے یا آپ کے پاس داخلے کا قانونی اختیار نہ ہو؛
- آپ مناسب شناخت نامہ فراہم کرنے سے قاصر رہیں؛
- آپ مقرّرہ مقامات پر رہنے سے قاصر رہیں؛
- آپ تمام وقت ان نابالغ افراد کی نگرانی اور ان کے ساتھ رہنے سے قاصر رہیں جو آپ کی ذمہ داری ہیں؛
- آپ مناسب لباس یا بند جوتے پہننے سے قاصر رہیں؛
- آپ ان 'داخلے کی شرائط' کو تسلیم کرنے اور/یا ان پر دستخط کرنے سے انکار کر دیں؛
- آپ امیگریشن کے حراستی مرکز کا شناخت نامہ ساتھ رکھنے سے انکار کریں (جہاں اس بارے میں بتایا گیا ہو)؛
- آپ وہ چیز(چیزیں) عملے کے حوالے کرنے سے انکار کریں جس کی امیگریشن کے حراستی مرکز میں اجازت نہیں ہے؛
- آپ سیکیورٹی اور/یا صحت کی سکریننگ یا انسپیکشن سے گزرنے سے انکار کریں؛
- آپ کے طرزعمل کو نامناسب، ناگوار یا امیگریشن کے حراستی مرکز کی سیکیورٹی، اچھے نظم یا حفاظت کے لیے یا حراستی مرکز میں موجود افراد کے لیے خطرہ سمجھا جائے؛
- کسی افسر کو شبہ ہو کہ آپ شراب یا غیر قانونی منشّیات کے اثر میں ہیں؛
- کسی افسر کو آپ کے بیمار ہونے کا شبہ ہو؛
- کسی افسر کو شبہ ہو کہ آپ کے پاس ایسی چیز (یا چیزیں) ہیں جس کی امیگریشن کے حراستی مرکز میں اجازت نہیں ہے؛
- کسی افسر کو شبہ ہو کہ آپ کسی وقت ان 'داخلے کی شرائط' کی تعمیل سے قاصر رہے ہیں؛
- امیگریشن کے حراستی مرکز میں سیکیورٹی، نظم و ضبط، یا بدنظمی یا جرم کی روک تھام کے سلسلے میں مسائل اٹھے ہوں؛
- خفیہ خبر رسانی یا خطرے سے تعلق رکھنے والے مسائل، اور/یا
- کام سے تعلق رکھنے والی دیگر وجوہ۔

اگر آپ کا دورہ ختم کرنے یا آپ کو یا کسی چیز کو امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخلے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا جائے تو آپ کو فیصلے کا احترام کرنا ہو گا۔ اگر آپ سے جانے کو کہا جائے تو آپ کو فوراً امیگریشن کے حراستی مرکز سے جانا ہو گا۔ آپ کے انکار کے نتیجے میں مستقبل میں آپ کے یہاں آنے کی اہلیت متاثر ہو سکتی ہے اور معاملہ پولیس کے سپرد کیا جا سکتا ہے۔

## شکایات اور آراء

آپ اپنے دورے کے متعلق شکایت کر سکتے ہیں یا رائے دے سکتے ہیں۔ مزید معلومات ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ **https://www.homeaffairs.gov.au/help-and-support/departmental-forms/online-forms/complaints-compliments-and-suggestions** سے دستیاب ہیں۔

## پرائیویسی کے متعلق اہم معلومات

آپ کی ذاتی تفصیلات *Privacy Act 1988* سمیت قانون کے تحت محفوظ ہیں۔ آپ کی ذاتی تفصیلات اور حسّاس معلومات کے حصول، استعمال اور انکشاف (سمندر پار اداروں سمیت دوسرے اداروں اور تیسرے فریقوں کے لیے) کے متعلق اہم معلومات فارم 1553 *Privacy Notice Visitors to immigration detention facilities* (امیگریشن کے حراستی مرکز میں آنے والے ملاقاتیوں کے لیے پرائیویسی نوٹس) میں درج ہیں جو ABF کی ویب سائیٹ یا مراکز میں دستیاب ہے۔ آپ کو فارم مکمل کرنے سے پہلے یہ یقینی بنانا ہو گا کہ آپ نے فارم 1553 پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔

## مزید معلومات

امیگریشن کے حراستی مرکز کی تفصیلات، رابطہ تفصیلات، مرکز کھلنے کے اوقات اور درخواست فارموں سمیت مزید معلومات ABF کی ویب سائیٹ **https://www.abf.gov.au/about-us/what-we-do/border-protection/immigration-detention/visit-detention** سے لی جا سکتی ہیں۔

© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2022

# Agreement

**All visitors must read the *Conditions of Entry* on pages 1–3 of this form and sign this Agreement before entering the immigration detention facility.**

I declare that:

- I have read the *Conditions of Entry* on pages 1–3 of this form.
- I am not bringing any prohibited or controlled items into this immigration detention facility.

I understand that:

- failure to comply with the above conditions may result in:
  - refusal of entry to the immigration detention facility;
  - termination of the visit;
  - removal from the immigration detention facility; and

  that any such failure may negatively impact the approval of any application I may make for future visits to this or any other immigration detention facility.
- by signing this Agreement, I agree to comply with the *Conditions of Entry* on pages 1–3 of this form.

I acknowledge that:

- the Department collects personal information from me and that I have read the information contained in form 1553 *Privacy Notice Visitors to immigration detention facilities*. I consent to the collection, use and disclosure by the Department of my personal information, and the personal information of any accompanying minors of which I am the parent or guardian, for those purposes set out above and/or as described in form 1553 or as otherwise authorised or required by an Australian law.

# اقرار

**تمام آنے والوں کو امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخل ہونے سے پہلے اس فارم کے صفحات 1 تا 3 پر لکھی داخلے کی شرائط پڑھنی ہوں گی اور اس اقرار پر دستخط کرنے ہوں گے۔**

میں اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ:

- میں نے اس فارم کے صفحات 1 تا 3 پر لکھی داخلے کی شرائط پڑھ لی ہیں۔
- میں امیگریشن کے اس حراستی مرکز میں کوئی ممنوعہ یا کنٹرولڈ چیز نہیں لا رہا/رہی ہوں۔

میں جانتا/جانتی ہوں کہ:

- مندرجہ بالا شرائط کی تعمیل سے قاصر رہنے کے نتیجے میں:
  - امیگریشن کے حراستی مرکز میں داخلے کی اجازت سے انکار کیا جا سکتا ہے؛
  - دورہ ختم کیا جا سکتا ہے؛
  - امیگریشن کے حراستی مرکز سے نکالا جا سکتا ہے؛ اور

  تعمیل سے قاصر رہنے سے مستقبل میں میری امیگریشن کے اس حراستی مرکز یا کسی اور مرکز میں داخلے کی درخواست کی منظوری پر منفی اثر پڑ سکتا ہے۔
- اس اقرار پر دستخط کر کے میں فارم کے صفحات 1 تا 3 پر لکھی داخلے کی شرائط کی تعمیل کا اقرار کر رہا/رہی ہوں۔

میں تسلیم کرتا/کرتی ہوں کہ:

- ڈیپارٹمنٹ مجھ سے ذاتی تفصیلات حاصل کرتا ہے اور میں نے ڈیپارٹمنٹ کے فارم 1553 *Privacy Notice Visitors to immigration detention facilities* میں درج معلومات پڑھ لی ہیں۔ میں ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے مندرجہ بالا مقاصد کے لیے اور/یا فارم 1553 میں بیان کردہ طریقے سے، یا آسٹریلیا کے کسی قانون کے تحت دیگر اجازت یا حکم کے مطابق، میری ذاتی تفصیلات اور میرے ساتھ آنے والے ان نابالغ افراد جن کا میں والد/والدہ/سرپرست ہوں، کی ذاتی تفصیلات کے حصول، استعمال اور انکشاف پر رضامند ہوں۔

Your full name
آپ کا پورا نام

**Your signature**
**آپ کے دستخط**

Date
تاریخ

| Day دن | Month مہینہ | Year سال |
|---|---|---|
| / | / | |



© COMMONWEALTH OF AUSTRALIA, 2022